دیر کے (اصلاحی مجلس) کا قانون ۱۹۶۰ء

(۱۹۶۰ء کا ریگولیشن نمبر I)

فہرست

تمہید۔

دفعات۔

ا. مختصر عنوان، وُسعت اور شروعات۔

۲. اصلاحی کونسل / مجلس۔

۳. کونسل / مجلس کا مُشیر خاص اور چیئرمین۔

۴. کونسل / مجلس کی ساخت۔

۵. کونسل / مجلس کے وہ اختیارات جو کہ مُشیرِ خاص استعمال کرے گا۔

۶. قواعد بنانے کا اختیار۔

جدول

دیر کے (اصلاحی مجلس) کا قانون ۱۹۶۰ء

(۱۹۶۰ء کا ریگولیشن نمبر I)

[۲۵ اکتوبر ۱۹۶۰ء]

ایک ریگولیشن / ایک ضابطہ

دیر کے حاکم کو مشیروں کے کونسل / مجلس کی تشکیل اور اپنے افعال اور اختیارات کے استعمال میں اضافے اور مشورہ دینے کی فراہمی کے لیے مندرجہ بالا ضابطہ بنایا گیا۔

تمہید۔

جیسا کہ ۱۹۵۵ء کے مغربی پاکستان کے قیام کے قانون کے دفعہ نمبر. ۲ ذیلی دفعہ نمبر. ۱ کے ذیلی دفعہ نمبر. ۴ کے مطابق دیر ریاست کے علاقے ۱۴، اکتوبر کو مغربی پاکستان کے صوبے میں ضم کئے گئے تھے۔

اور جیسا کہ مندرجہ بالا علاقے مخصوص علاقہ بناتے ہیں. گذشتہ آئین کے آرٹیکل ۲۱۸ کے ذیلی آرٹیکل نمبر. ا کے مطابق جو کہ قوانین (مستقل نافذ العمل) حکم ۱۹۵۸ء (صدر کا حکم (بعد از اعلان) ۱۹۵۸ء کا نمبر. ۱)۔

مختصر عنوان، وُسعت اور شُروعات۔

ا. (ا) اس قانون کو دیر کا (اصلاحی مجلس) کا قانون ۱۹۶۰ء کہا جاسکتا ہے۔

(۲) اس کی وسعت دیر کی ریاست کے علاقوں تک ہے جو کہ شیڈول (جدول) میں بیان کیا گیا ہے۔

(۳) یہ فوراً نافذ العمل ہو گا۔

اصلاحی کونسل / مجلس۔

۲. ایک اصلاحی مجلس ہو گا جس کو یہاں مجلس تعین کیا گیا ہے تا کہ حکمران کو اس اختیارات کے استعمال میں مدد اور مشورہ دے۔

کونسل / مجلس کا مُشیرِ خاص اور چیئرمین۔

۳. اس قانون کے لاگو ہونے کے فوراً بعد حکمران گورنر کے ایماء پر ایک شخص کو چیف ایڈوائزر مقرر کرے گا جو کہ مجلس کا چیئرمین ہو گا۔

کونسل / مجلس کی ساخت۔

۴. مجلس چیئرمین اور بیس (۲۰) ممبران پر مشتمل ہو گا. ممبران چیئرمین کے علاوہ ایسے طریقے سے چنے جائیں گے، جیسا کہ اس قانون کے مطابق واضح کیا گیا ہو۔

کونسل / مجلس کے وہ اختیارات

۵. جب سے یہ مجلس بنائی گئی ہے. اس کے بعد سے مجلس کے اختیارات کو چیف ایڈوائزر

استعمال کرے گا جو کہ مُشیرِ خاص استعمال کرے گا۔

۶. اس قانون کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے صوبائی حکومت اصول بنائے گی۔ قواعد بنانے کے اختیار

جدول

مندرجہ ذیل علاقے دِیر کے ہونگے۔

انتہائی شمال میں دیر ریاست کے حدود ریاست چترال کے اینڈویر گلیشر سے ملتی ہے. اس مقام سے جنوب مغربی میں چترال ریاست کے حدود کے ساتھ شینگارہ کنڈاؤ کے جنوب میں سر مکئ غر تک پھیلی ہوئی ہے. یہاں سے حدود ڈیورنڈ لائن اور سلسلہ ہندوکش میں اینکل سر تک پھیلی ہوئی ہے جہاں سے یہ جنوب مغرب میں باجوڑ میں سالارزئی سے وہ جنوب میں تورہ گنڈہ کلاں کے جندول روڈ سے ٹکراتی ہے. یہ پھر جندول خوڑ کے ساتھ پھیلی ہوئی ہے جہاں وہ خزانہ کے جنوب میں دریائے پنجکورہ سے ٹکراتی ہے. وہاں سے حددو جنوب کی طرف جاتی ہے. دریائے پنجکورہ کے مشرقی کنارے جہاں وہ دریائے سوات سے ٹکراتی ہے۔

اس مقام سے مشرق کی طرف جاتی ہے، دریائے سوات شمالی کنارے تک جہاں یہ سوات کے ریاست سے ملتی ہے. مغرب پر اسکی سوات ریاست کے ساتھ مشترکہ حددو ہے. شمالی ساحل میں اس کے حددو کلام کے حددو سے ملتی ہے جب وہ اندور گلیشیر کو انتہائی شمال چترال ریاست کے حددو سے ٹکراتی ہے